سبق: 16

# بارہ مہینوں کے نام جانیں گے



دسہرا کی چھٹی تھی۔ روزی اور ساجد اپنے والد کے ساتھ دلّی گھومنے نکلے۔ وہ لوگ اتوار کی صبح بھوبنیشور ریل اسٹیشن سے ریل گاڑی میں بیٹھے۔ اتوار کے دن بھر ریل گاڑی چلتی رہی۔ کئی طرح کی چیزیں بکنے کے لیے آرہی تھیں۔ والد صاحب نے کئی بار آئس کریم، چنا اور بادام وغیرہ خرید کر بچوں کو دیا۔ بچوں نے ریل گاڑی میں بڑی خوشیاں منائیں۔ پیر کی شام وہ لوگ دلّی پہنچے۔ وہاں اپنے ماموں کے گھر ٹھہرے۔ تین دن گھوم پھر کر جمعہ کے دن دلّی سے نکلے اور سنیچر کے دن گھر پہنچے۔

اب آپ کہیے:

- روزی اور ساجد کس دن ریل گاڑی میں سوار ہوئے؟
- کس دن وہ لوگ دلّی پہنچے؟
- کس کس دن وہ لوگ دلّی میں گھومے پھرے؟
- کس دن وہ لوگ دلّی سے روانہ ہویے؟
- کس دن وہ لوگ گھر پہنچے؟

آیئے خالی گھروں میں ہفتے کے دنوں کے نام ترتیب وار لکھیں گے۔

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | منگل | | |

آیئے نیچے کے سوالوں کے جواب لکھیں گے:

- منگل کے بعد کون سا دن آتا ہے؟ ..............................
- منگل کے پہلے دن کا نام کیا ہے؟ ..............................
- اتوار کے بعد کون سا دن آتا ہے؟ ..............................
- بدھ اور جمعہ کے درمیان کون سا دن پڑتا ہے؟ ..............................
- پیر اور جمعرات کے درمیان کون کون سے دن ہوتے ہیں؟ ..............................
- پیر کے تین دن کے بعد کون سا دن پڑے گا؟ ..............................
- آئندہ کل کون سا دن ہوگا؟ ..............................
- گذشتہ کل کون سا دن تھا؟ ..............................



ہمارے درجے کی روٹین:

| دن/پریڈ | ۱ | ۲ | ۳ | ۴ | ۵ | ۶ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| پیر | ادب | حساب | ڈرائنگ | ماحولیات | ادب | کھیل |
| منگل | ادب | حساب | دستی کام | ماحولیات | ادب | کھیل |
| بدھ | ادب | حساب | دستی کام | ماحولیات | ادب | باغبانی |
| جمعرات | ادب | حساب | ڈرائنگ | ماحولیات | گیت اور ناچ | باغبانی |
| جمعہ | ادب | حساب | گیت اور ناچ | ادب | ماحولیات | کھیل |
| سنیچر | ڈریل | حساب | ڈرائنگ | ادب | مٹی کا کام | باغبانی |

روٹین کو دیکھ کر نیچے کے گھروں میں جواب لکھیے :

| پڑھے جانے والے مضامین | کس کس دن میں پڑھائے جا رہے ہیں؟ |
|---|---|
| ڈرائنگ | |
| باغبانی | |
| کھیل | |
| دستی کام | |
| گیت اور ناچ | |
| حساب | |

- آپ اپنے درجے کی روٹین لائیے۔اس کو دیکھ کر نیچے کے سوالوں کے جواب لکھیے۔


(i) کس کس دن روٹین میں کھیل کا پیریڈ ہے؟ ..............................

(ii) روٹین میں ناچ اور گیت کا پیریڈ ہے کیا؟ ہاں / نہیں
اگر ہے تو کس دن ہے؟ ..............................

(iii) روٹین میں کس کس دن ڈرائنگ بنانے کو کہا گیا ہے؟ ..............................

## بارہ مہینوں کی بات:

سال کے بارہ مہینے ہوتے ہیں۔ایک دن بارہ مہینے سب کے سب مل کر باتیں کر رہے تھے ۔ ہر ایک اپنے بارے میں یوں کہہ رہا تھا۔



## مارچ

جنوری کی طرح میں بھی ۳۱ / دن کا ہوتا ہوں۔
میں سال کا تیسرا مہینہ ہوں۔

## اپریل

مارچ کے بعد آتا ہوں۔ میں ۳۰ / دن کے لیے آتا ہوں۔ میرے آنے سے دھوپ تیز ہوتی ہے۔

## مئی

میں سال کا پانچواں مہینہ ہوتا ہوں۔
میں ۳۱ / دن تک رہتا ہوں۔ اسی وقت گرمی کی چھٹی ہوتی ہے اور اسکول بند ہو جاتے ہیں۔

## جون

میں ۳۰ / دن کے لیے آتا ہوں۔ میں سال کا چھٹا مہینہ ہوں اور بچوں کے لیے رج کا تہوار لے کر آتا ہوں۔ رج میں جھولا جھول کر بچے خوش ہوتے ہیں۔

## جولائی

سال کا ساتواں مہینہ کہنے سے میں سمجھا جاتا ہوں۔
میں ۳۱ / دن کا ہوں، میرے آنے سے بارش کا موسم شروع ہوتا ہے۔

## اگست

میں بھی جولائی کی طرح ۳۱ / دن کا ہوتا ہوں۔ میرا نام اگست ہے۔ اسی مہینہ میں یوم آزادی منائی جاتی ہے۔

## ستمبر

میں ۳۰ / دن والا مہینہ ہوں۔ میں سال کا نواں مہینہ ہوں۔ اس مہینہ میں یوم اساتذہ منایا جاتا ہے،

## اکتوبر

میں اکتوبر ہوں۔ سال کا دسواں مہینہ۔ میں ۳۱ / دن کے لیے آتا ہوں۔

## نومبر

میں ۳۰ / دن والا مہینہ ہوں۔ اس مہینہ میں یوم اطفال منایا جاتا ہے۔

## دسمبر

میں سال کا آخری مہینہ ہوں۔ میں ۳۱ / دن کے لیے آتا ہوں۔ میرے رخصت ہوتے ہی ایک سال پورا ہو جاتا ہے۔

سال کے بارہ مہینے کیا کیا باتیں کر رہے تھے جان پایے۔ اب دیے گیے سوالوں کے جواب دیجیے۔

(i) کون سا مہینہ انگریزی سال کا پہلا مہینہ ہے؟ ____________

(ii) کون سا مہینہ انگریزی سال کا آخری مہینہ ہے؟ ____________

(iii) کون کون سے مہینے ۳۱/دن کے ہوتے ہیں؟ ____________

(iv) کون کون سے مہینے ۳۰/دن کے ہوتے ہیں؟ ____________

● لپی، حسینہ اور جارج تینوں اپنے پسندیدہ مہینے کے بارے میں بات چیت کر رہے تھے۔



مئی اور جون میرے پسندیدہ مہینے ہیں۔ اسی وقت خوب آم کھانے کو ملتے ہیں۔



لپی



لیکن مجھے جولائی اور اگست کے مہینے بہت اچھے لگتے ہیں۔ جب بارش ہوتی ہے تو میں گاؤں کی گلی میں کاغذ کی ناؤ بہاتی ہوں۔



حسینہ



مجھے دسمبر کا مہینہ اچھا لگتا ہے۔ بڑے دن میں میرے لیے نیے کپڑے آتے ہیں۔



جارج


● تمہیں سال کا کون سا مہینہ سب سے اچھا لگتا ہے؟ اور کیوں؟ ____________

- نیچے دی گئی تصویروں میں ہونے والے کاموں کا تعلق کس مہینے کے ساتھ ہے؟ آپ سوچ کر لکھیے ۔






## کیا آپ جانتے ہیں؟



ہم لوگ اکتوبر کی ۲؍تاریخ کو گاندھی جینتی مناتے ہیں۔ اسی دن مہاتما گاندھی پیدا ہوئے تھے۔



نومبر مہینے کے ۱۴؍تاریخ کو ہم لوگ یوم اطفال مناتے ہیں۔ یہ جواہر لال نہرو کی پیدائش کا دن ہے۔



ہم لوگ جنوری کی ۲۳؍تاریخ کو نیتا جی جینتی مناتے ہیں ۔ اسی دن نیتا جی سبھاس چندر بوس کٹک میں پیدا ہوئے




اپریل کی پہلی تاریخ کو اتکل دوس کے طور پر منایا جاتا ہے۔

- آپ اپنے دس ساتھیوں کے نام نیچے کے نقشوں میں لکھیے ۔ انہیں پوچھ کر معلوم کیجیے کہ وہ کس مہینے میں پیدا ہوئے ہیں ؟







| ساتھیوں کا نام | پیدا ہونے والے مہینے کا نام |
|---|---|
| | |
| | |
| | |
| | |
| | |
| | |
| | |
| | |
| | |
| | |







آپ کس مہینے اور کتنی تاریخ کو پیدا ہوئے تھے گھر والوں سے معلوم کر کے لکھیے ۔

| پیدائش کی تاریخ | | پیدائش کا مہینہ | |
|---|---|---|---|

اڈیا مہینوں کی بات:

ہم لوگ انگریزی کے بارہ مہینوں کے نام جان لیے۔ اسی طرح اڈیا میں بھی مہینوں کے نام لکھے گیے ہیں۔ سال کے چھے موسموں اور بارہ مہینوں کے نام نیچے لکھے گیے ہیں۔ ان کو دیکھیے۔



| گرمی کا موسم | |
|---|---|
| بیساکھ | جیٹھ |



| برسات کا موسم | |
|---|---|
| اساڑھ | ساون |



| خزاں کا موسم | |
|---|---|
| بھادوں | آشِون |



| شبنمی موسم | |
|---|---|
| کارتک | مارگ شیر |



| جاڑے کا موسم | |
|---|---|
| پوس | ماگھ |



| بہار کا موسم | |
|---|---|
| پھاگن | چیت |

- اڈیا کے بارہ مہینوں کے نام کو ترتیب سے لکھیے۔

_______ _______ _______ _______ _______ _______

_______ _______ _______ _______ _______ _______

- چھے رتوں میں سے آپ کو کون سی رُت سب سے زیادہ اچھی لگتی ہے؟ اور کیوں؟ _______

_______________________

## زیادہ اور کم دنوں کا فرق:

چار اسکولوں میں ایک ہفتے کھیل کا مقابلہ ہوا تھا۔ اس کے شروع اور ختم کا دن نیچے نقشوں میں لکھا گیا ہے۔ اس کو پڑھ کر نیچے کے سوالوں کے جواب لکھیے۔

| اسکول کا نام | کس دن کھیل شروع ہوا | کس دن کھیل ختم ہوا |
| --- | --- | --- |
| بنمالی پوراپر پرائمری اسکول | پیر | جمعرات |
| سومناتھ پوراپر پرائمری اسکول | منگل | بدھ |
| گوند پور نوڈل | جمعرات | سنیچر |
| کوسو پور نوڈل | پیر | جمعہ |

اب کہیے اور لکھیے:

- ☆ کس اسکول میں کھیل کا مقابلہ کتنے دنوں تک ہوا تھا؟ ..................
- ☆ کس اسکول میں سب سے زیادہ دنوں تک کھیل کا مقابلہ ہوا تھا؟ ..................
- ☆ کس اسکول میں سب سے کم دنوں تک کھیل کا مقابلہ ہوا تھا؟ ..................
- ☆ کس اسکول میں کھیل کا مقابلہ ۳/دن ہوا تھا؟ ..................



## عملی مشق

1۔ مہینے کے نام کے نیچے اس کی ترتیب لکھیے:

| جنوری | مارچ | جون | اگست | فروری | اکتوبر |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| | ۳ | | | | |

| اپریل | مئی | دسمبر | نومبر | ستمبر | جولائی |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| | | | | | |

2۔ منیشا کے ایک ہفتے کا کام:

پیر



منگل



بدھ



جمعرات



جمعہ



سنیچر



اتوار



منیشا کس دن کیا کام کرتی ہے لکھیے:

(i) سائیکل چلاتی ہے ________

(ii) کھیلتی ہے ________

(iii) تیرتی ہے ________

(iv) لائبریری جاتی ہے ________

(v) کہانی کتاب پڑھتی ہے ________

(vi) دعوت کھا رہی ہے ________

3۔ نیچے دیے گیے تہوار کس مہینے میں پڑتے ہیں لکھیے:

بڑا دن ----------

یوم آزادی ----------

رج کا تہوار ----------

یوم جمہوریہ ----------

یوم اطفال ----------

یوم اساتذہ ----------

گاندھی جینتی ----------

اتکل دِوس ----------